پاک اکیڈمی دکان نمبر ۲۲۔ مسجد باب الاسلام آرام باغ۔ کراچی ۱

ابن قتیبہ مشہور مورخ۔ الانساب کے ماہر اور اپنے وقت کے مسلم عالم اور فاضل تھے محمود ظفر سیالکوٹی نے لکھا ہے کہ ابن قتیبہ کی ہر کتاب میں ادبی چاشنی، عبارت کی ملاوٹ و دلکشی اور وہ تمام خوبیاں بدرجہ اتم موجود ہیں جو ایک ادیب اور ماہر علم کی کتاب میں ہونی چاہیے۔

المعارف لابن قتیبہ، ان کی معرکۃ الآرا تالیف ہے ہر دور میں مورخین و ناقدین اور تاریخی و مطالعاتی ذوق رکھنے والے اس سے استفادہ کرنے اور حوالہ جات میں مستند ماخذ کی حیثیت سے پیش کرتے آئے ہیں۔ جناب صاحبزادہ حافظ حقانی میاں کی تحریک و تجویز پر جناب سلام اللہ صدیقی صاحب نے اسے عربی سے اردو میں منتقل کر دیا ہے۔ اس طرح حضرت آدمؑ سے عہد صحابہ تک تمام ممتاز انبیاء و رسل آل رسول اور اہل بیت رسول ہزاروں صحابہ کے پاکیزہ حالات اور نسب ناموں پہ مشتمل یہ تاریخی دستاویز گویا ایک انسائیکلوپیڈیا ہے جسے حقانی میاں امت کے حضور اعلیٰ کتابت عمدہ طباعت اور دیدہ زیب اشاعت کی صورت میں پیش کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اہل ذوق اور علمی و ادبی اور مطالعاتی حلقے یقیناً اس کی قدر کریں گے جس سے مترجم و ناشر کی مزید ہمت افزائی ہوگی۔

ماہنامہ الاشرف | مدیر مولانا محمد اسعد تھانوی۔ صفحات ۶۴۔ سالانہ چندہ ۴۰ روپے۔

پتہ الاشرف۔ جامعہ اشرفیہ ۱۲۔ الاحمد مینشن بلاک ۱۲ بی گلشن اقبال کراچی ۴۷۔

بے دینی۔ الحاد و زندقہ۔ باطل افکار و نظریات۔ مادہ پرستی اور دینی و دنیوی فتنوں کے عروج اور یلغار کے اس پر آشوب دور میں، تبلیغ و اشاعت دین کا کام چیونٹی کی رفتار سے بھی کمزور ہے۔ مادیت اور لادینیت کا عالمگیر سیلاب پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے۔ ایسے حالات میں اہل اسلام کی عموماً اور وارثان علوم نبوت کی ذمہ داریاں پہلے سے کئی گنا زیادہ ہو گئی ہیں یہی احساس تھا جس نے جامعہ اشرفیہ سکھر کراچی کے ارباب بسط و کشاد کو بے چین رکھا۔ بالآخر شعبہ تصنیف و تالیف کے قیام اور ماہنامہ الاشرف کی صورت میں تبلیغ و اشاعت دین کی کونپل پھوٹی اور اپنے ایک دو اشاعتوں میں سرسبز و شاداب اور رعنا و رغبت کی صورت اختیار کر گئی الاشرف کا اجرا مستحسن اقدام ہے اس وقت ہمارے سامنے اس کے ابتدائی دو شمارے ہیں۔ جو علمی، ادبی، تحقیقی اور طباعت و اشاعت ہر لحاظ سے مثالی ہیں ادارتی تحریریں مولانا محمد اسعد تھانوی کے قلم سے ہیں۔ اور بقیہ مضامین بھی انتخاب و اشاعت بھی معیاری ہے۔ ادارہ الحق معاصر الاشرف کے بقاء و استحکام کے خواہشات کے ساتھ ساتھ اس کے اجرا کا استقبال کرتا اور نقش اول و ثانی کی معیاری اشاعت پر مدیر و کارکنان اشاعت کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے۔